تبصرہ کتب

تبصرہ نگار۔۔ن۔ر

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

الأزهار على كتاب الآثار: تالیف: مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن۔ ناشر: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی، مانسہرہ۔ صفحات: 464، سائز: 20x30/8، قیمت: درج نہیں

زیر تبصرہ کتاب مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن کی علمی کاوش ہے، جو امام محمد بن الحسن شیبانیؒ کی شہرہ آفاق کتاب ''کتاب الآثار'' کی انتہائی علمی و تحقیقی شرح ہے۔ یہ اس شرح کی تیسری جلد ہے۔ شرح میں فاضل مؤلف کا طرز نگارش یہ ہے کہ وہ حدیث کا متن ذکر کرنے کے بعد اس کا سلیس اردو ترجمہ کرتے ہیں، پھر ''ش'' کے عنوان سے حدیث کی مکمل سیر حاصل تشریح کرتے ہیں۔ تشریح میں استعمال ہونے والی مختلف علمی و شرعی اصطلاحات کی مختلف عنوانات سے مستقل وضاحت کرتے ہیں، معمولی معمولی مناسبتوں سے انتہائی قیمتی علمی فوائد و نکات پر بھی روشنی ڈالتے ہیں۔ غرض حدیث شریف کی ہر پہلو سے مکمل وضاحت کرتے ہیں اور کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑتے ہیں۔ اختلافی مسائل میں ائمہ کا اختلاف مع دلائل ذکر کرتے ہیں اور قول راجح کی تعیین کرتے ہیں۔ ہر بات با حوالہ بقید جلد و صفحہ بیان کرتے ہیں۔

اردو زبان میں یہ ''کتاب الآثار'' کی پہلی مستند، تحقیقی اور مکمل تفصیلی شرح ہے۔ اختلافی مسائل و دلائل کے لیے موقوف علیہ اور دورہ حدیث کے طلبہ کے لیے بھی انتہائی مفید و معاون ثابت ہوگی۔ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ اور کاغذ سب کچھ معیاری ہے۔ امید ہے دینی مدارس کے اساتذہ و طلبہ اس کی کما حقہ قدر کریں گے۔

غیر سید سے سیدہ عورت کا نکاح: تالیف: مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن ناشر: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی، مانسہرہ۔ صفحات: 108، سائز: 23x36/16، قیمت: درج نہیں